MEMBERS APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified پاکستان کا کثیر الاشاعت اخبار
کوئٹہ، گوادر، جب اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اردو روزنامہ

روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل گوادر
چیف ایڈیٹر
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

جلد 15 | 31 جنوری، بروز، جمعہ 2025-1446ء (صفحات 4) قیمت 10 روپے | شمارہ 218

صوبے کے نوجوانوں کو کھیل میں ہر ترین مواقع میسر آئیں گے، طارق حسین

وزیر اعلیٰ بلوچستان نے نہ صرف کھیل بلکہ تعلیم کے شعبے میں بھی انقلابی اقدامات کیے ہیں، پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر

آج بلوچستان ہاکی ٹیم کا فائنل میچ منعقد ہو رہا ہے جس کے بعد ٹیم لاہور جائے گی جہاں ملک کے باقی چاروں صوبوں کے فائنل مقابلے ہوں گے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر میر طارق حسین بگٹی نے قومی کھیل ہاکی کی بحالی اور ترقی میں کلیدی کردار ادا کرنے پر چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کا شکریہ ادا کیا ہے یہاں کوئٹہ میں ہاکی فیڈریشن کے عہدیداروں اور کھلاڑیوں کے ہمراہ بات چیت کرتے ہوئے میر طارق حسین بگٹی نے کہا کہ چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر کے بے حد مشکور ہیں

(بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

حکومت فیصلوں کے برخلاف زبردستی اور غیر قانونی طور پر کٹوتی کی جارہی ہے، پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ

یونیورسٹی کے کالونی میں رہائش پذیر اساتذہ کرام اور آفیسران کے گھروں میں کبھی بھی مینٹیننس کے لئے ایک ٹکہ بھی خرچ نہیں کیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن

(بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

جعفر آباد میں کروڑوں روپے لاگت سے تعمیر جیل عمارت کھنڈرات میں تبدیل ہوگیا

چھتر (آن لائن) جعفر آباد میں کروڑوں روپے لاگت سے تعمیر جیل عمارت کھنڈرات میں تبدیل ہوگیا ڈویژن نصیر آباد کے تمام منشیات کے عادی افراد کا محفوظ آماجگاہ بن چکا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی چیف سیکرٹری بلوچستان سے عوامی حلقوں کا

(بقیہ نمبر صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: بی یو جے کے سالانہ انتخابات میں کامیاب عہدیداران کو گرینڈ الائنس کی مبارکباد

گرینڈ الائنس کے رہنماں نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ ان کی تنظیم آزادی صحافت کے حوالے سے اپنی پختہ یقین رکھتی ہے

کوئٹہ (یو این اے) گرینڈ الائنس میٹروپولیٹین کارپوریشن کوئٹہ کے رہنماں نے بلوچستان یونین آف جرنلسٹس (بی یو جے) کے سالانہ انتخابات 2025-26 میں کامیاب ہونے والے تمام عہدیداران کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ گرینڈ الائنس کے صدر نعمت اللہ کرد، جنرل سیکرٹری ندیم کھوکھر، سینئر نائب صدر حبیب الرحمٰن، سینئر نائب صدر اول سعادت اللہ کاکڑ اور دیگر رہنماں نے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ جرنلسٹس پینل کی

(بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلوچستان کے گڈز ٹرانسپورٹروں نے ہڑتال کو پرانے کا فیصلہ کیا ہے، جعفر خان

حکومت کا گڈز ٹرانسپورٹروں کے مسائل کو حل کرنے میں کوئی دلچسپی نہیں اور ان کا ایک ہی مقصد ہے صرف اور صرف اپنی تجوریاں بھرنا ہے

حکومت گڈز ٹرانسپورٹروں کے مسائل کو حل کرنے میں کوئی دلچسپی نہیں لے رہی ہے، ، بلوچستان کے گڈز ٹرانسپورٹروں پر بھاری مقدار میں جرمانوں کے چالان دیر سخت تنگ کرنے کا ٹاسک دیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی سیکرٹری جعفر خان کاکڑ نائب صدور حاجی عبدالمجید ہنگلوئی حاجی عطاللہ کاکڑ حاجی ابراہیم پرکانی حاجی پیر محمد کاکڑ حاجی محمد اسماعیل لہڑی ایڈیشنل سیکرٹری حاجی باری داد کاکڑ عمر شاہ آفریدی حاجی محمد گل کاکڑ عبدالجبار اچکزئی جوائنٹ سیکرٹری محمد حسین کاکڑ حاجی ظاہر شاہ یوسفزئی پریس سیکرٹری حاجی روزی خان مندوخیل خزانہ سیکرٹری حاجی نیاز خلجی رابطہ سیکرٹری سہیل خان کاکڑ حاجی محمد امین سالانی حاجی عبدالعزیز دوتانی نصیب اللہ کاکڑ حاجی ھدایت اللہ ہنگلوئی حاجی عبدالمجید رئیسانی عبدالسلام علیزئی و دیگر نے اپنے بیان میں حکومت کی کارکردگی کو زیر و قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت کا

(بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب ڈاکٹر محمد زاہد ملک نے محتسب آفس بہاولپور میں وفاقی اداروں کیخلاف شکایات کی سماعت کر رہے ہیں

امریکا میں پاکستانی سفیر کا میڈیا پر لگنے والی نئی پابندیوں کا دفاع

جب تعمیری تنقید کی جاتی ہے تو حکومت اس کا خیر مقدم کرتی ہے، پیکا ایکٹ میں ترامیم آزادی اظہار کو روکنے کے لیے نہیں بنائی گئی ہیں

سوشل اور ڈیجیٹل میڈیا کو ریگولیٹ کرنے کا اقدام ڈیجیٹل میڈیا کے غیر ذمہ دارانہ استعمال اور جعلی خبروں کے پھیلاؤ کی روک تھام کے لیے کیا جارہا ہے

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا میں پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے میڈیا پر لگنے والی نئی پابندیوں کا دفاع کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب تعمیری تنقید کی جاتی ہے تو حکومت اس کا خیر مقدم کرتی ہے، انہوں نے آزادی اظہار رائے یقینی بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق امریکی دارالحکومت واشنگٹن میں دی واشنگٹن ڈپلومیٹ کے زیر اہتمام منعقدہ ایمبیسڈر

(بقیہ اندرونی صفحہ 2 پر)

سیکرٹری خزانہ عمران زرکون کو بلوچستان ہیومن پراجیکٹ سے متعلق ورلڈ بینک کی ٹیم بریفنگ دے رہی ہیں

قوم سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، محسن نقوی

سیکورٹی فورسز نے خوارجی دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا، قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں شہید سیکورٹی فورسز کے افسروں اور جوانوں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے

وزیر داخلہ نے شہید میجر حمزہ اسرار اور سپاہی محمد نعیم کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار اور 6 خوارجی دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن رضا نقوی نے کہا ہے کہ سیکورٹی فورسز نے خوارجی دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا، قوم سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ جاری بیان کے مطابق وزیر داخلہ نے شمالی وزیرستان میں خوارجی دہشتگردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے میجر حمزہ اسرار اور سپاہی محمد نعیم کو زبردست الفاظ

(بقیہ 39 ونی صفحہ 3 پر)

اوتھل ہراڑی میں تعلیمی سہولیات کا فقدان، طلبہ کا اسکول عمارت کے لیے احتجاج

پیکا ترمیمی بل کا مسودہ صحافی تنظیموں کی مشاورت کے بغیر ہی ایوان میں پیش کیا گیا ہے، جمعیت علما اسلام بلوچستان

جس کے بعد صدر مملکت نے قائد جمعیت کو یقین دہانی بھی کرائی، اس کے باوجود کسی کو بھی اعتماد میں نہیں لیا گیا

اوتھل (یو این اے) بلوچستان کے ضلع لسبیلہ کی تحصیل لاکھڑا کے دور افتادہ علاقے ہراڑی میں طلبہ نے اسکول کی عمارت اور بنیادی سہولیات کے فقدان کے خلاف احتجاج کیا۔ مظاہرین نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جن پر تعلیم ہمارا بنیادی

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی پریس ریلیز میں کہا کہ حکومت پیکا ترمیمی بل کے ذریعے آزادی صحافت کی راہ میں رکاوٹیں حائل کرنے اور عوام کی حقائق تک رسائی کے بنیادی حق کو سلب کرنے کی کوشش کر رہی ہے پیکا ترمیمی بل کا مسودہ صحافی تنظیموں کی مشاورت کے بغیر ہی ایوان میں پیش کیا گیا ہے جو کہ صحافیوں کے ساتھ ساتھ عوام کے ساتھ بھی امتیازی سلوک کے مترادف ہے عوام کے بنیادی

(بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم کی آفر کو قبول نہیں کیا جاسکتا، چیئرمین پی ٹی آئی

وزیر اعظم کا بیان ہمارے مطالبات سے ہٹ کر ہے، حکومت کے خلاف ہماری چارج شیٹ بہت لمبی ہے، ہم نے اسیران کی رہائی

2 واقعات پر جوڈیشل کمیشن کا مطالبہ کیا، ہم نے مینڈیٹ کی تو ابھی بات بھی نہیں کی ہے، وزیر اعظم شہباز شریف کی باتیں غیر متعلقہ ہیں، بیرسٹر گوہر کا ردعمل

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر اعظم شہباز شریف کی جانب سے مذاکرات کی پیشکش کے بعد چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا ردعمل بھی سامنے آگیا ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا اس پیشکش پر کہنا تھا کہ وزیر اعظم کی آفر کو قبول نہیں کیا جاسکتا، وزیر اعظم کا بیان ہمارے مطالبات سے ہٹ کر ہے، حکومت کے خلاف ہماری چارج شیٹ بہت لمبی ہے، ہم نے اسیران کی رہائی،

(بقیہ 32 ونی صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر لوکل گورنمنٹ سردار کوہیار خان ڈومکی کو کمشنر کوئٹہ ڈویژن وائیڈ منسٹر میٹروپولیٹن حمزہ شفقات شیلڈ پیش کر رہے ہیں

کوئٹہ: منوجان روڈ پر فائرنگ، پولیس اہلکار شہید، ملزمان فرار ہوگئے

کوئٹہ (یو این اے) منوجان روڈ پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار محبوب شاہ شہید ہوگئے، جبکہ حملہ آور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب محبوب شاہ اپنی ڈیوٹی مکمل کر کے گھر جا رہے تھے کہ گھات لگائے نامعلوم ملزمان نے ان پر فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہوگئے۔ انہیں فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا، مگر وہ جانبر نہ ہو سکے۔ واقعے کے بعد پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش

(بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

دالبندین: بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کی نومنتخب کابینہ کو دالبندین پریس کلب کی مبارکباد

دالبندین (یو این اے) دالبندین پریس کلب (رجسٹرڈ) کے سرپرست اعلیٰ حاجی عبدالستار کشانی، صدر حاجی فاروق سیاہ پادرند، جنرل سیکریٹری ریاض حسین بلوچ، نائب صدور ظاہر شہزاد نوتیزئی اور

(بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

اتحاد اہلسنت پاکستان کا بلوچستان یونین ف جرنلسٹ کی نومنتخب کابینہ کو مبارک باد

کوئٹہ سمیت اندرون بلوچستان کے صحافیوں کو درپیش مسائل کو حل کرنے میں اپنا نمایاں کردار ادا کریں

کوئٹہ (یو این اے) اتحاد اہلسنت پاکستان کے سربراہ فخر اہلسنت حضرت علامہ مولانا ابو الرضا داد محمد فریادی دامت برکاتہ العالیہ، مرکزی جنرل سیکرٹری علامہ علی نواز القادری مدظلہ العالی و دیگر عہدیداران نے اپنے جاری بیان میں بلوچستان یونین ف جرنلسٹ کی نومنتخب کابینہ کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان یونین ف جرنلسٹ کی نومنتخب کابینہ صوبے کے صحافیوں کو درپیش مسال کے حل میں متحرک کردار ادا کرے

(بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

ایف بی آر نے 1010 نئی گاڑیوں کی خریداری کا معاملہ روک دیا

کراچی میں رہتا ہوں اور دھمکیوں کو جواب دینا بھی جانتا ہوں، جب تک پیپرا رولز پر کمیٹی مطمئن نہیں گاڑیوں کی خریداری منجمد رہے گی، چیئرمین

ایف بی آر کے افسران نے مجھے براہ راست مارنے کی دھمکی دی، ایف بی آر کے اہلکاروں علی صالح، شاہد سرمرو اور ڈاکٹر سجاد صدیقی نے دھمکی دی

اسلام آباد (آئی این پی) ایف بی آر نے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے 1010 نئی گاڑیوں کی خریداری کا معاملہ روک دیا ہے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں چیئرمین ایف بی آر ارشد محمود لنگڑیال نے کہا کہ کمیٹی کو مطمئن کرنے تک گاڑیاں نہیں خریدیں گے، سینیٹ قائمہ کمیٹی پہلے رولز پر پیپرا اتھارٹی کو بلائے، جب تک پیپرا

(بقیہ اندرونی صفحہ 3 پر) 6

جمل مگسی، اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ عبدالمجید محمد حسنی بنیادی مراکز صحت (بی ایچ یو) کوٹوا اور (بی ایچ یو) پاچکا دورہ کر رہے ہیں

لورالائی: چیرمین طاہر ناصر کی درخواست پر وائس چیرمین و دیگر کونسلرز کے خلاف ایف آئی آر درج کرلیا

کوئٹہ (یو این اے) چیرمین میونسپل کمیٹی طاہر ناصر نے اپنے دفتر کے ریٹ ہاس کو سیل کرنے کی کوشش کے خلاف وائس چیرمین حاجی نزیر اتمانخیل، کونسلر عبد القادر ناصر، اور کونسلر فرید خان اتمانخیل کے خلاف ایف آئی آر درج کروادی ہے۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب چیرمین طاہر ناصر کی درخواست پر لیویز فورس نے ریٹ ہاس کو سیل کرنے کی کوشش کی، جسے کونسلرز کی مداخلت کے بعد واپس لے لیا گیا تھا۔ وائس چیرمین حاجی نزیر اتمانخیل نے کل ایک

(بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

اوستہ محمد: پولیس تھانہ صدر اور باغ ہیڈ کی کامیاب کارروائیاں

اوستہ محمد (یو این اے) ایس پی اوستہ محمد حسنین وارث کی ہدایت پر ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد گل حسن بہرانی کی زیر نگرانی پولیس نے کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے قتل اور ضرر کے مقدمات میں مطلوب

(بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

بلوچستان گرینڈ الائنس فیصلہ کن تحریک کی طرف قدم بڑھا رہی ہے، حاجی علی اصغر ہنگلوئی

آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی کابینہ کا اجلاس

کوئٹہ (یو این اے) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی کابینہ کا اجلاس زیر صدارت صوبائی صدر حاجی علی اصغر ہنگلوئی اپیکا کے صوبائی دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت حاجی محمد کریم نے حاصل کی۔ اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری ملک امیر زادہ علیزئی نائب صدر حاجی محمد کریم ڈپٹی جنرل سیکرٹری بہار شاہ جوائنٹ سیکرٹری حسین بخش پریس سیکرٹری ظہور بلوچ فنانس

(بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

اظہار رائے کی آزادی جی ایس پی پلس اسٹیٹس کیلئے شرط ہے، سفیر یورپی یونین

جی ایس پی پلس اگلے دور کے لیے موجود ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ میں نے اپنے دورے کا استعمال متعلقہ حکام کو یہ بتانے کے لیے کیا ہے، اولوف اسکوگ کا انٹرویو

حکومت پاکستان شہریوں کے خلاف مقدمات کی پیروی کے لیے فوجی عدالتوں کا استعمال نہ کرے، صرف افراد کو تنقید سے بچانے کے لیے اظہار رائے کی آزادی کو محدود نہ کیا جائے

اسلام آباد (آئی این پی) یورپی یونین نے پاکستان کو خبردار کیا ہے کہ وہ جنرلائزڈ سسٹم آف پریفرنسز پلس (جی ایس پی پلس) اسٹیٹس کو ہلکا نہ لے، اظہار رائے کی آزادی جی ایس پی پلس اسٹیٹس کیلئے شرط ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان کے دورے پر موجود انسانی حقوق کے لیے یورپی یونین کے خصوصی نمائندے اولوف اسکوگ نے حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ شہریوں

(بقیہ اندرونی صفحہ 3 پر) 54

پی ٹی سی ایل کے پچاس ہزار سرکاری پینشنرز کی کئی عشروں پر مبنی دیرینہ حل طلب ہے

چیف جسٹس آف پاکستان تک اپنے مسائل کو پہنچانا چاہتے ہیں، طالب حسین ہزارہ

کوئٹہ (یو این اے) پی ٹی سی ایل پینشنرز ملٹن تحریک پاکستان کے کنوینر طالب حسین ہزارہ نے کہا ہے کہ پی ٹی سی ایل کے پچاس ہزار سرکاری

(بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

مسلم لیگ (ن) کے رہنماء حاجی شکیل، سردار فتح محمد حسنی کی عیادت کر رہے ہیں

خضدار چور گینگ متحرک میڈیکل اسٹور کا چوروں نے شٹر توڑ کر مکمل صفایا کر دیا

خضدار (یو این اے) خضدار چور گینگ متحرک گزشتہ رات سحر میڈیکل اسٹور کا چوروں نے شٹر توڑ کر مکمل صفایا کر دیا چوروں نے ادویات سمیت کیش اور دیگر قیمتی سامان چرا کر فرار ہوئے۔ بازار کے اندر سے جہاں گشت معمول پر ہوتا ہے چور آسانی کیساتھ تالا توڑ کر میڈیکل کا صفایا کر دیا۔ عوامی حلقوں نے ایس ایس پی خضدار جاوید احمد زہری سے مطالبہ کیا ہیکہ وہ خضدار کے شہریوں کی تحفظ کو یقینی بنا کر چوری ڈکیتیوں پر قابو پایا جائے۔ خضدار چور گینگ متحرک گزشتہ رات سحر میڈیکل اسٹور کا چوروں نے شٹر توڑ کر مکمل صفایا کر دیا چوروں نے ادویات سمیت کیش اور دیگر قیمتی سامان چرا کر فرار ہوئے۔ بازار کے اندر سے جہاں گشت معمول پر ہوتا ہے چور آسانی کیساتھ تالا توڑ کر میڈیکل کا صفایا کر دیا۔ عوامی حلقوں نے ایس

(بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

ژوب، اسسٹنٹ کمشنر محمد نوید عالم پوسٹ کی کاشت کو تلف کرنے کے حوالے سے قبائلی عمائدین بات چیت کر رہے ہیں

بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے انتخابات میں جرنلسٹ پینل کو کامیابی پر مبارکباد دیتے ہیں

بلوچستان کے صحافیوں کو درپیش مسائل اور مشکلات کے ازالہ کے لیے بھی اپنا کردار ادا کرینگے، ایچ ڈی پی

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے انتخابات میں جرنلسٹ پینل کو کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے بی یو جے کے سالانہ انتخابات 2025-2026 میں خلیل احمد کو صدر، عبدالغنی کو جنرل سیکرٹری، منظور احمد کو سینئر نائب صدر، نذر بلوچ کو نائب صدر، جبار بلوچ کو فنانس سیکرٹری، ابرار احمد کو سینئر جوائنٹ سیکرٹری، فضل تواب کو جوائنٹ سیکرٹری منتخب ہونے پر دل کی

(بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

یونیورسٹی ملازمین کے مسائل میں مزید اضافہ ہوگیا ہے، چیئرمین نذیر احمد لہڑی

مہنگائی کے دور ایک طرف قلیل تنخواہوں کی وجہ سے گھروں کا گزر بسر مشکل ہوگیا ہے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کے صدر شاہ علی بگٹی ایڈمنسٹریٹو اسٹاف ایسوسی ایشن کے چیئرمین نذیر احمد لہڑی جنرل سیکرٹری گل جان کاکڑ اور نعمت اللہ کاکڑ نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں بلوچستان یونیورسٹی ملازمین کے یوٹیلیٹی الاونس، کمپیوٹر الاونس اور اٹینڈنس الاونس، 5 فیصد ہاؤس رینٹ الاونس کی غیر قانونی طور پر کٹوتی کرنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اس اقدام کو ملازمین کا معاشی قتل اور انھیں نان شبینہ سے محروم قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ اس مہنگائی کے دور ایک طرف قلیل تنخواہوں کی وجہ سے گھروں کا گزر بسر مشکل ہوگیا ہے دوسری جانب یونیورسٹی انتظامیہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اور سابقہ وائس چانسلر کی جانب سید نیتی پر مبنی آڈٹ پیرا کو جواز بنا کر غریب ملازمین کے تنخواہوں سے الاونسز کی بھاری بھرکم کٹوتی سمجھ سے بالاتر ہے جس سے یونیورسٹی ملازمین کے مسائل میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی کے اپنے خودمختاری کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے اس قسم کے فیصلوں سے گریز کرنا ہوگا اور ایسے فیصلوں کیلئے

(بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

مدارس دین کے قلعے ہیں اس کو میلے آنکھ سے دیکھنے والوں کی آنکھیں نکالیں گے

علما سیاست کے میدان میں دین عالی کے تحفظ کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں، عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام کے ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق نے کہا ہے کہ مدارس دین کے قلعے ہیں اس کو میلے آنکھ سے دیکھنے والوں کی آنکھیں نکالیں گے پوری دنیا کے 56 اسلامی ممالک میں سے صرف افغانستان حکومت کو ہی ہم اسلامی حکومت کہہ سکتے ہیں جو عملی طور پر اسلام کے مطابق حکومت چلا رہے ہیں سعودی عرب سمیت دیگر ممالک نے جس طرح فحاشی عریانی عام ہو رہی ہے وہ قابل مذمت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مدرسہ دارالعلوم لطیفیہ کلی عصمت آباد ثمرانی روڈ میں جلسہ حفاظ کرام کی دستار بندی کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا مولانا عبدالرحمٰن رفیق نے کہا کہ افغانستان میں طالبان نے امریکہ اور اس کے اتحادیوں کو شکست دے کر فتح حاصل کی اس وقت افغانستان میں اسلامی امارات کی حکومت قائم ہے جس کو ہم اسلامی حکومت کہہ سکتے ہیں جہاں امن بھائی چارے کی فضا عام ملے گی جبکہ دیگر 56 اسلامی ممالک میں یہود و نصاریٰ کی طرز پر عورتوں کی آزادی کے لیے باقاعدہ مہم چل رہی ہے کیونکہ دشمن کی کوشش ہے کہ مسلمانوں سے حیا کو ختم کیا جائے وسائل مسلمانوں کی ہے لیکن قبضہ اس پر کفار کا ہے انہوں نے کہا کہ عوام علما کرام کا ساتھ دیں دینی مدارس خانقاہ کے ساتھ جڑے رہے علما سیاست کے میدان میں دین عالی کے تحفظ کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں انگریزوں کی کوشش ہے کہ کسی طرح بھی دینی مدارس کو چلنے نہ دیا جائے دینی مدارس دین کے قلعے ہیں جمعیت علما اسلام ان کے خلاف دیکھنے والوں کی آنکھیں نکال دے گی ہر سال ہزاروں کے حساب سے علما کرام اور حفاظ کرام ان دینی مدارس سے فارغ ہو کر دین کی خدمت کے لیے تیار ہو رہے ہیں جمعیت علما اسلام ملک میں آئین اور قانون کے ساتھ ساتھ دین اسلام کے نفاذ کے لیے کوشاں ہیں مولانا

(بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

9 فروری کو میر ضیا اللہ لانگو کی جیت یقینی ہے: یونین کونسل زہرازئی چیرمین و وائس چیرمین کا بیان

جوہان، گزگ اور نرمک کے عوام ترقی پسند، لانگو برادران کی خدمات ناقابل فراموش: مشترکہ بیان

خالق آباد (یو این اے) یونین کونسل زہرازئی کے چیرمین حاجی عبدالحمید لانگو، وائس چیئرمین فیض سالانی، کونسلران حاجی عبدالرحمٰن لانگو، میر نذیر احمد لانگو، محمد نواز سالانی اور دیگر نمائندگان نے ایک مشترکہ بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ 9 فروری کا دن میر ضیا اللہ لانگو کی جیت کا سورج لے کر طلوع ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ گزگ، جوہان اور نرمک کے عوام ہمیشہ ترقی پسند قوتوں کے ساتھ رہے ہیں اور اس بار بھی وہ سابق وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا اللہ لانگو کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ میر ضیا اللہ لانگو اور ان کے بھائی، سابق وزیر خزانہ بلوچستان میر خالد خان لانگو نے عوام کی بے لوث

(بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

لاپتہ افراد کی بازیابی کے کیسز کی سماعت اٹارنی جنرل طلب

حکومت کو مزید وقت نہ دیا جائے اور ذمہ داروں کا تعین کیا جائے، وکیل ایمان مزاری کی استدعا، ذمہ داروں کا تعین کرنے کیلئے ہی تو یہ تمام کارروائی کر رہے ہیں، جسٹس ارباب محمد طاہر

سٹیٹ کی ساری ورکنگ ایکسپوز ہو جائے گی، جو دہشت گرد ہوگا اس کو دہشت گرد کہوں گا، جو دہشت گرد نہیں ہوگا اسے پھر رہا کرنا ہوگا، جسٹس محسن اختر کیانی

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے مسنگ پرسنز کی بازیابی کے کیسز کی سماعت مارچ کے پہلے ہفتے تک ملتوی کر دی، عدالت نے اٹارنی جنرل منصور اعوان کو آئندہ سماعت پر معاونت کیلئے طلب کر لیا۔ ایمان مزاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ میری عدالت سے استدعا ہے کہ حکومت کو مزید وقت نہ دیا جائے اور ذمہ داروں کا تعین کیا جائے، جس پر جسٹس ارباب محمد

(بقیہ نمبر 54 ونی صفحہ 3 پر)

گوادر میں آل پارٹیز اتحاد نے مطالبات منوانے کے بعد 47 روز سے جاری دھرنا ختم کر دیا

گوادر (یو این اے) گوادر میں آل پارٹیز اتحاد نے 47 روز تک جاری رہنے والے دھرنے کے بعد اپنے مطالبات منوانے میں کامیابی حاصل کر لی ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مذاکرات کے بعد اتحاد نے احتجاج ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔ اتحاد کے ترجمان عبدالغفور کے مطابق، ضلعی انتظامیہ نے سات نکاتی معاہدے پر دستخط کر دیے ہیں۔ معاہدے کے مطابق، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ غیر قانونی ٹرالنگ کے خلاف کارروائی کو تیز کیا جائے گا، گوادر میں 17 گھنٹے بجلی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا، پینے کے صاف پانی کی فراہمی پر زور دیا جائے گا اور منشیات فروشوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ عبدالغفور نے خبردار کیا کہ اگر معاہدے کی پاسداری نہیں کی گئی تو دوبارہ دھرنا دیا جائے گا۔ گوادر میں آل پارٹیز اتحاد نے

(بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

میر نظام الدین مینگل کے گھر پر ہونے والے بزدلانہ حملے کی شدید مذمت کرتا ہوں، میر سلیم احمد خان

جنہوں نے حملے کی مذمت کرتے ہوئے حکام سے فوری تحقیقات اور ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا

ماچھی پور (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے گزشتہ رات ڈائریکٹر ایجوکیشن

(بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

ژوب، اسسٹنٹ کمشنر محمد نوید عالم ضلع ژوب میں غیر قانونی طور پر کاشت کیے گئے کوکنار پوسٹ کے خلاف پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلوچستان میں دہشت گردی

بلوچستان کے علاقے دکی میں مقامی کوئلے کی کانوں پر مسلح افراد نے حملہ کر دیا جس میں 21 کان کن شہید جبکہ سات زخمی ہوگئے۔ دکی کی ضلعی انتظامیہ کے مطابق کول کمپنی پر حملے میں نہ صرف جانی نقصان ہوا بلکہ حملہ آوروں نے 10 کوئلہ کانوں کے انجن بھی نذر آتش کر دیئے۔ ایس ایچ او دکی کا کہنا تھا کہ مسلح افراد نے ایک گروہ کی شکل میں رات کے گان پر بھاری ہتھیاروں سے حملہ کیا اور مزدوروں کو ٹولیوں کی شکل میں اکٹھا کر کے گولیاں برسا دیں۔ ڈسٹرکٹ چیئرمین دکی نے کہا کہ حملے میں ہینڈ گرنیڈ اور راکٹ لانچر سمیت دیگر بڑے ہتھیار بھی استعمال کئے گئے۔ جاں بحق ہونے والے کان کنوں کا تعلق پشین، قلعہ سیف اللہ، ژوب، مسلم باغ، موسیٰ خیل، پکاڑ اور افغانستان سے تھا۔ میڈیکل آفیسر دکی ہسپتال کے مطابق زخمیوں کو مقامی ہسپتال میں طبی امداد دینے کے بعد ٹیچنگ ہسپتال اور لاالٰہی منتقل کر دیا گیا۔

وزیر داخلہ محسن نقوی نے اس واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جاں بحق مزدوروں کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں، ان کی تمام تر ہمدردیاں سوگوار خاندانوں کے ساتھ ہیں، المناک واقعے میں ملوث شرپسند عناصر قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے، بے گناہ مزدوروں توقیل کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل کا کہنا تھا کہ دکی میں آزادی کے نام پر معصوم لوگوں کو نشانہ بنایا گیا، یہ دہشت گرد بزدل ہیں۔ بزدل ہیں، ان کے خلاف حکومت بھرپور ایکشن لے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ دکی میں معصوم مزدوروں کے قتل پر بلوچستان سوگوار ہے، ایک مزدور پورے خاندان کا واحد کفیل ہوتا ہے، دہشت گردوں نے خاندان کے واحد کفیل کو بیدردی سے شہید کر دیا۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ وزیراعظم شہباز شریف دو سے تین روز میں کوئٹہ کا دورہ کریں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بے گناہ مزدوروں کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں نے ایک بار پھر غریب مزدوروں کو نشانہ بنا کر ظلم کی انتہاء کر دی، دہشت گردوں کا ایجنڈا پاکستان کو غیر مستحکم کرنا ہے، غریب مزدوروں کو سافٹ ٹارگٹ سمجھ کر نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ دہشت گرد بزدل ہیں، دہشت گردوں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا، حکومت ایک ایک بے گناہ کے قتل کا حساب لے گی، بے گناہوں کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا، دہشت گردوں کو ان بے گناہوں کا ناحق قتل لے ڈوبے گا۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ملاقات کی اور کہا کہ دہشت گردوں کے لواحقین کے ساتھ ہیں، ان کے تمام تر ہمدردیاں سوگوار خاندانوں کے ساتھ ہیں، المناک واقعے میں ملوث شرپسند عناصر قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے، بے گناہ مزدوروں توقیل کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل کا کہنا تھا کہ دکی میں آزادی کے نام پر معصوم لوگوں کو نشانہ بنایا گیا، یہ دہشت گرد ہیں پیسہ بٹورتے

بقیہ 1

ڈی پی کے پاکستان میں امریکی تھیلوں کے استعمال سے متعلق مزید شواہد بھی موجود ہیں۔ امریکہ کی جانب سے امدادی بند کی معاملے پر سوال کے جواب میں ترجمان وفاقی وزارت خارجہ تھامر یگائے 90 روز کے لیے امدادی پروگرام پر روک ہونے پر تنقید کرتے ہوئے کا جائزہ لیا جا رہا ہے، امید ہے کہ یہ امدادی پروگرام جلد دوبارہ شروع ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ ہے امریکا کے وفد کے دورے کو وزارت خارجہ بینڈل نہیں کر رہی، یہ دورہ سیاسی کاروں اور پرنس کیونٹی کے معمول کے دوروں کا حصہ ہے۔ ترجمان وفاقی وزارت خارجہ نے مزید کہا کہ مراکش میں کنٹی کے حادثے سے متعلق تحقیقات ہو رہی ہیں، حادثے کے 22 افراد زندہ بچ گئے ہیں۔ شفقت علی نے کہا کہ پاکستان جنوبی ایشیا سرائیل کے فوجی اتحاد کے انکار کی مذمت کرتا ہے، متقوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی بڑترین خلاف ورزیوں کا سلسلہ جاری ہے، پاکستان کشمیریوں کے جدوجہد آزادی کی حمایت جاری رکھے گا، مسئلہ کشمیر کا اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل ہونا چاہیے، سوڈان میں سعودی ہسپتال پر حملے کی مذمت کرتے ہیں۔

بقیہ 2

ممتاز صاحبات میں نے مواقع پیدا کرنے کے لئے تعاون کو فروغ دینے پر بات چیت کی گئی ہے۔ کیمبرج فرسٹ کے تحت شراکت دار کو فروغ دینے کے لئے تعاون کرنے والی ٹیم کے ساتھ دو دائی ملاقات میں دیرپا منصوبہ بندی کو آگاہ کیا گیا کہ ایچ ای ایکارٹیس دمیتاب میں تاہم کھلی رکاوٹوں کے باعث یہ وظائف مکمل طور پر استعمال نہیں ہو سکے۔

بقیہ 3

گڈز ٹرانسپورٹروں کے مسائل کو حل کرنے میں کوئی دلچسپی نہیں اور ان کا ایک ہی مقصد ہے صرف اور صرف اپنی جیوں بھرنے کیلئے قانون شکنی اور دراز آئین قومی وطن ہے ہمارا آسیبی اور ممبران بنسٹ آف پاکستان مفاد پرست خود غرض ہے اور جانب حکومت نے موڑ سے پولیس و دیگر پولیس کلچوں کو پاکستان کے گڈز ٹرانسپورٹروں پر بھاری مقدار میں جرمانوں کے جاری کیے ہیں جو کہ ناجائز ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے گڈز ٹرانسپورٹروں نے سڑکوں پر آنے کا فیصلہ کیا ہے اور ہمارے قاعدہ حقوق نور بلوچستان کے گڈز ٹرانسپورٹروں کا اعلان کریں گے جس میں آئندہ کا لائحہ کا اعلان کر دیا جائے گا اور بلوچستان سے دیگر صوبوں کی جانب بند کر دیا جائے گی جس کا تمام ذمہ داری وفاقی حکومت پر ہوگی۔

بقیہ 4

جنوبی 2024/25 قومی جیل باکی کو بھرپور سپورٹ فراہم کی ان کی سرپرتی میں کراس روٹ لیول ہاکی کے فروغ کے لیے اقدامات کیے گئے۔

بقیہ 5

شاندار کامیابی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ صاحبی بداری نے ان پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے ضلیل اعم) صدر: مظہر احمد کاشیر نائب صدر: (عبدالقادر ہاکی) جنرل سیکرٹری (نذر بلوچ) نائب صدر: (جبار بلوچ) فنانس سیکرٹری (ابرار احمد) سٹیئر جوائنٹ سیکرٹری (فضل قاب) جوائنٹ سیکرٹری (اور ڈی جرنٹیف اراکین کو مبارکباد دی۔ ساتھ ہی ان کامیابی کے حوالے سے امید ظاہر کی کہ وہ صاحبوں کے مسائل کے حل، آزادی صحافت کے فروغ اور تمام اہل صحافیوں کے حقوق کے تسلسل کے لیے اپنی بھرپور صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔ گریڈ الائنس کے رہنماں نے عزم کا اظہار کیا کہ ان کی تنظیم آزادی صحافت کے حوالے سے اپنی پالیسی لیتین رکھتی ہے اور صحافی برادری کے حقوق اور آزادی اظہار کے تحفظ کے لیے ان کے شانہ بشانہ کھڑی رہے گی۔

بقیہ 6

ٹوئس پلیٹ کا مطالبہ تحقیقات کے مطابق مطابق سابق وزیر حکومت جنرل پرویز مشرف میں پاکستان کے فنڈ سے معوبانی وزیر جنیل خانہ جات سید عبدالرحمٰن جمالی نے خطیر رقم کروڑوں روپے جعفر ایا میں قیدیوں کے بحولیات کی فراہمی کے لیے جیل کی عمارت کے لیے فنڈ فراہم کیا گیا۔

بقیہ 7

جامعہ بلوچستان کے صدر پروفیسر ڈاکٹر عبدالقادر بزنجو، نائب صدر ڈاکٹر شبیر احمد شاہوانی، جنرل سیکرٹری فرحیان اچکزئی، جوائنٹ سیکرٹری میڈیم ہزار ہلفاتی۔

بقیہ 8

اظہار برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ضلیل صحبت پور میں جاری تمام ترقیاتی منصوبوں پر سست روی یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور ذمہ داران کو سخت سے سخت سزا دی جائے گی۔ انہوں نے اپنے اجلاس کے اس اعلم کے سرپراٹر ہوئے اپنے حلقے کے ساتھ صوبے وزیر مواصلات وتعمیرات نے اپنے سلیم احمد کھوسہ کے کہا کہ اپنے حلقہ انتخاب کے ہم اشراف پر کام کر رہے ہیں اور جدید کے تقاضوں سے ہم سمجھایا جائے گا اور کام کرنے کے لیے جدوجت کوشاں ہوں انہوں نے کہا کہ بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے ڈسٹرک صحت پر کوتاہی تقاضوں کے پیدا ضلیل ملخصوص روڈ اشراف پر کھرمنرفیست کے پیدا ضلیل اشراف پر کھرمنرفیست کے تمام ترقیاتی منصوبوں ملخصوص روڈ مکمل کرنا ہماری ترجیح ہے میں شامل ہیں کہ اگر ان ترقیاتی منصوبوں پر معاملہ کیا گیا تو اس کے خلاف تحفظات کا کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 9

حقوق کو روندنے کے مترادف ہیں صوبائی پریس ریلیز میں کہا کہ پہلا ایکٹ میں بنیادی آزادی صحافت کو دبانے کی ایک سوچی سمجھی سازش ہے جس کا مقصد عوامی جرائم کی نابدی اور موثوقین کو بے نقاب ہونے بچانا ہے۔ جمعیت علما اسلام بھیشہ جابرانہ قوانین کے خلاف صف اراں میں رہی ہے اور آزادی اظہار کے تحفظ کے لیے ہر محاذ پر کام کرتی رہی ہے گی کے پیکا ایک ملی پر صدر مملکت کی منظوری سے پیش کا تحریعت نے صدر پاکستان سے ملی کے متعلق بات چیت بھی کی۔ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان نے صدر مملکت سے درخواست کی کہ بل پر دخطہ سے پہلے صاحبوں اور اسٹیک اولڈر کو اعتماد میں لیا جائے۔ جس کے بعد صدر مملکت نے انوختی کو بلایا۔ جس کے بعد صدر مملکت نے انوختی کو یقین دلایا کہ ایک ترمیمی بل پر دخطہ کو آزادی صحافت پر زیادہ سے زیادہ حملہ قرار دیتے ہوئے تنت الفاظ میں مذمت کی ہے بیان میں کہا کہ غیر جمہوری رویے عوام کے بنیادی حقوق کے منافی ہیں۔ انہوں نے ان بلز کو صرف آزادی اظہار اور اپنے بلکہ شہری حقوق اور جمہوری اقدار کے خلاف عظیمن سازش قرار دیا۔

بقیہ 10

حق بیاوہ: ہمیں اسکول کی عمارت دو جیسے نعرے درج ہے۔ یہ اسکول بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن (BEF) کے تحت 2009 سے قائم ہے، جہاں واحد استاد مشعل خان قدریے خدمات انجام دے رہے ہیں۔

بقیہ 11

گیرائیں سے مہار کا دیش کیا بیاہ امید ظاہر کی ہے کہ نوختیہ عہدیداران ہیٹ صحافت کے فروغ بصحافی بداوری کے حقوق اور آزادی صحافت کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہے بلوچستان کے صحافیوں کو درپیش مسائل اور صحافت کے ازالہ کے لیے بھی اپنا کردار ادا کریگے ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی آزادی اظہارہ بیان اور جمہوریت کے اہتمام کے لئے صحافی برادری کی جدوجہد میں ہے اگے ساتھ ہر محاذ میں ساتھ دینے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 12

حد تک جا ئیں گے۔ شہری کی مجموعی صورتحال کی بہتری اور عوام کی سہولت کے لیے ہر ممکن اقدامات کئے جا ئیں گے۔ صفائی کے نظام کی بہتری کیلئے کوئٹہ شہر میں پلاسٹک بیگ پر پابندی کیساتھ سالڈ ویسٹ پلانٹ کو فعال کرنے اور روزانہ کی بنیاد پر کچرا اٹھانے لگانے کیلئے مختلف مکینزم کے تحت اقدامات اٹھائے جا ئیں۔

بقیہ 13

معروف تاجر سیلفورڈ کمارا نے گھر واپس ہار رہے تھے کہ موت واہ کے قریب باحفاظ معلوم ہوئے ہیں۔ ایک ہی ہفتے میں 35 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین لیا گیا ہے۔ کوئٹہ کے بیچ پر ہی ہوا ہے واقعہ کی پہچان، بلکہ شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں معمول بن چکی ہیں۔ گاے، بھینس اور دیگر مال مویشیوں کی چوری بھی روز کا معمول بن چکی ہے، مگر پولیس خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ تاجر برادری اور شہریوں نے وزاتی کابینہ کو دی ہوا نوختیہ کابینہ کو پلیٹ لیٹ جنٹس کا اظہار کرتے ہوئے اپنا ہی کا ہے کہ پولیس فرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت کارروائی کرے اور شہریوں کے امن و امان بحال کیا جائے۔ شہریوں نے اعلی حکام سے اپیل کیا اور فوری ایکشن کا مطالبہ کیا ہے۔ اگر عوام کو تحفظ کا احساس دلایا جا سکے۔

بقیہ 14

5 ڈسٹری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا۔ زیارت میں بھی کم سے کم درجہ حرارت منفی 15 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ ڈوب میں درجہ حرارت صفر ڈگری سینٹی گریڈ رہا۔ بی میں کم سے کم درجہ حرارت 8 ڈگری سینٹی گریڈ، تربت میں 11 ڈگری سینٹی گریڈ اور گوادر میں 14 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ بلوچستان کے ساحلی علاقے گوادر میں کم سے کم درجہ حرارت 10 ڈگری سینٹی گریڈ اور جیوانی میں 12 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ موسم کی صورتحال سے پیش نظر محکمہ موسمیات نے عوام کو احتیاطی تدابیر اپنانے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 15

اسکالٹ اور خرید و فروخت پر پابندی عائد کی گئی، تاہم کچھ ہی عرصہ بعد یہ کاروبار دوبارہ بحال ہو گیا۔ ایک اندازے کے مطابق روزانہ 50 ہزار سے ایک لاکھ لیٹر ایک ایرانی تیل بلوچستان میں اسمگل کیا جاتا ہے۔

بقیہ 16

